آیات پر اعراب لگانا ضروری تھا۔ (د - ۰)

(مجلہ) **سیارہ**، سالنامہ ۱۹۹۸۔ ادارت: طاہر شادانی، حفیظ احسن، خالد علیم۔ پتا: ایوان ادب، اردو بازار، لاہور۔ صفحات: ۲۷۲۔ قیمت: ۸۴ روپے۔

سیارہ ربع صدی سے اسلامی ادب کی ترجمانی کر رہا ہے۔ زیر نظر خصوصی شمارہ ۴۴ بلند پایہ منظومات اور نثر پاروں کا جامع ہے۔ حمد و نعت میں حافظ لدھیانوی، عبدالعزیز خالد، ابو المجاہد زاہد، حفیظ تائب، عزیز بگھروی اور نظم و غزل میں فروغ احمد مرحوم، شان الحق حقی، محمد عثمان رمز، تابش دہلوی، نظر زیدی، اعجاز رحمانی، اسرار احمد سہاروی، عبدالرحمٰن بزمی اور ڈاکٹر شبنم سبحانی کی تخلیقات اور اسی طرح نثری حصے میں بھی برعظیم کے نامور لکھنے والوں کی تحریریں شامل ہیں۔ "مدینہ کی مہکار" عبدالرحمٰن عبد کا اثر انگیز مضمون ہے۔ دو تحریریں مولانا مودودیؒ پر، خرم مراد کا مضمون چودھری غلام محمد مرحوم پر اور تین مضامین بہ سلسلہ اقبالیات --- مزید برآں ابن فرید اور اعجاز احمد فاروقی کے افسانے وغیرہ --- خطوط اور تبصروں کا حصہ بھی دلچسپ ہے۔ (د - ۰)

مطبوعات موصولہ

☆ **فرصت کے لمحات**، مرتب: ابو زبیر۔ پتا: ادارہ الخدمت فلیٹ ۴، پہلی منزل، منظور پلازا، ۲۴ علامہ اقبال روڈ، لاہور۔ صفحات: ۳۰۳۔ قیمت: ۹۰ روپے۔ فرصت کے لمحات میں ذاتی مطالعے کے نوٹس اور اقتباسات کا مفید مجموعہ]۔

☆ **نقیب ختم نبوت** (ماہ نامہ) اشاعت خاص بہ یاد مولانا سید ابو معاویہ ابوذر بخاری، مدیر: سید محمد کفیل بخاری۔ پتا: دار بنی ہاشم، مہربان کالونی، ملتان۔ صفحات: ۳۰۲۔ قیمت: ۵۰ روپے۔ [مولانا عطاء اللہ شاہ بخاری کے صاحبزادے مولانا ابو معاویہ ابوذر (سید عبدالمنعم) بخاری کی تحریروں اور ان پر مضامین کا معلومات افزا مجموعہ]۔

☆ **اسلامک ایجوکیشن**، سرپرست: محمد امیر ملک، نگران: علی احمد چودھری، مدیر: ظفر اقبال خان ربانی۔ ناشر: اسلامک ایجوکیشن، ادارہ تعلیم و تحقیق، جامعہ پنجاب، لاہور۔ صفحات: ۱۷۹۔ قیمت: درج نہیں۔ [جامعہ پنجاب کے شعبہ تعلیم اسلامی کا مجلہ۔ اساتذہ اور طلبہ و طالبات کے مضامین اور نظموں کا مجموعہ]۔

☆ **کفایت اللہ، شخصیت و خدمات**، مرتبین: ڈاکٹر زینت اللہ ساجد، ظہور احمد ظہور۔ اہتمام: جشن کفایت اللہ کمیٹی، مالیر کوٹلہ بھارت۔ صفحات: ۱۲۸۔ قیمت: ۱۰۰ روپے۔ [محمد عاصم الحداد مرحوم کے برادر بزرگ، ہیڈ ماسٹر محمد کفایت اللہ، حال مقیم مالیر کوٹلہ کے شاگردوں نے ان کی بے لوث تعلیمی و سماجی خدمات کے اعتراف میں، ان پر مضامین کا یہ مجموعہ پیش کیا ہے متعدد تصاویر بھی شامل ہیں]۔